31/01/2026 12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ طارق احمد سے خبریں سُنئے

بجٹ

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کل یکم فروری کو لوک سبھا میں مالی سال 2026-27 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ لوک سبھا میں بجٹ پیش کرنے کے بعد اس بجٹ کی ایک کاپی راجیہ سبھا میں پیش کی جائے گی۔ 2019 میں وزیر خزانہ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد یہ نرملا سیتا رمن کا لگا تار نوواں بجٹ ہو گا۔

پارلیمنٹ میں بجٹ سے متعلق خطاب مکمل ہونے کے بعد بجٹ دستاویز وزارت کے موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر دستیاب ہو گا ۔

LG ملاقات

جموں کشمیر اپنی پارٹی کے صدر سید محمد الطاف بخاری نے جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

اسی دوران ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل نگری کٹھوعہ کے ممبر انجینئر سندیپ Majotra کی قیادت میں ایک عوامی وفد اور جموں میونسپل کارپوریشن کے سابق میئر راجندر شرما کی سربراہی میں ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے جموں صوبے کے آٹھ اضلاع سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندوں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا مشاورتی عمل مکمل کر لیا ہے۔
ا

نہوں نے بجٹ تیار کرنے میں جامع اور شراکتی طریقہ کار اپنا کر جموں کشمیر کی مجموعی ± ترقی کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس سوموار دو فروری سے شروع ہوگا۔

پاسپورٹ

پاسپورٹ خدمات کی دستیابی میں اضافے کی مانگ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پاسپورٹ آفس سرینگر نے سات فروری سنیچر وار کو ایک خصوصی مہم کے انعقاد کا اعلان کیا ہے ۔ اس فیصلے کی رو سے پاسپورٹ سیوا کیندر سرینگر ، پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ ، اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ سات فروری سنیچر وار کو کھلے رہیں گے ۔

پیوش سنگلا

انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے سیکرٹری ڈاکٹر پیوش سنگلانے ، محکمے کی وساطت سے عملائے جا رہے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل اور آئندہ در دست لیے جانے والے پروجیکٹوں کی عمل آوری کیلئے ٹھوس منصوبے تیار کرنے کی افسروں کو ہدایت دی ہے۔ وہ کل جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں محکمے کی مجموعی کارگزاری کا جائزہ لے رہے تھے۔

سارس میلہ

جمونو کشمیر رورل لائیولی ہڈس مشن کے اہتمام سے آج سے جموں میں سارس میلے کا آغاز ہوا۔ اس میلے کا مقصد دیہی خواتین کو با اختیار بنانا اور ان کے ہاتھوں تیار کی گئی مصنوعات کے لئے مارکیٹنگ سہولیات فراہم کرنا ہے ۔ یہ میلہ نو فروری تک جاری رہے گا ۔

شرما نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔ Shubraکی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر JKRLM اس بارے میں

------Byte------

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں اس پروگرام کی مناسبت سے زراعت اور اس سے منسلک دیگر شعبوں کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ سال 2025-26 کے دوران ضلعے میں HADP کے تحت 5 ہزار 8 سو یونٹ قائم کئے گئے ۔

شوپیان

شوپیان میں حالیہ برف باری سے پیدا ہوئی صورتحال سے نمٹنے اور لوگوں کی راحت رسانی کے اقدامات کر کے ضلع انتظامیہ نے بہترین انتظامی عمل کی ایک مثال قائم کی ہے ۔ ڈپٹی کمشنر ششر گپتا نے راحت رسانی اور ضروری خدمات کی بحالی کے کاموں کی از خود نگرانی کی ۔ ڈپٹی کمشنر نے صورتحال سے نمٹنے کے لئے انتھک کوششیں کرنے پر تمام محکموں کے افسروں اور اہلکاروں کی سراہنا کی ہے ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ” Classes of Joy “ مہم کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے انگریزی اور ریاضی کے مضامین کے لئے نئے ٹریننگ سیشنز منعقد کرانے کی ہدایت دی ۔ انہوں نے اس مہم کے بارے میں طالب علموں میں بیداری پیدا کرنے کی بھی ہدایت دی ۔

مشاہرہ

سرکار نے سما گراہ شکشا اور پی ایم شری کے تحت تعینات کئے گئے ووکیشنل ٹرینرس کے ماہانہ مشاہرے میں اضافہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس فیصلے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ہنر پر مبنی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور ان اساتذہ کی فلاح و بہبود یقینی بنانے کیلئے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****